Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 17 | منگل، 09 جون 2026، 23 ذوالحجہ 1447ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 57

دنیا کی کوئی اکاؤنٹیبلیٹی ایجنسی یا ادارہ ہمارے قریب ترین بھی نہیں

ادارہ ملکی قوانین میں رہتے ہوئے ہائی پروفائل کیسز کی میرٹ پر تفتیش کر رہا ہے،

اپنے انویسٹی گیشن کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کیا تاکہ کیسز کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے، لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ نذیر بٹ کی گفتگو

لاہور: صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان وکلا کمیونٹی میں ویلفیئر گرانٹس کے چیک تقسیم کر رہے ہیں۔

اسلام آباد (یوائن پی) قومی احتساب بیورو (نیب) کے چیئرمین لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ نذیر احمد بٹ نے ادارے کی کارکردگی اور اس کے مختلف ڈھانچے کے حوالے سے کہا ہے کہ احتساب کے میدان میں نیب کا موازنہ دنیا کے کسی دوسرے ادارے سے نہیں کیا جا سکتا۔ چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ نذیر احمد بٹ نے ادارے کی کارکردگی اور عالمی معیار پر گفتگو کرتے ہوئے واضح کیا (بقیہ نمبر 1)

گلگت بلتستان میں تعمیر وترقی کے نئے دور کا آغاز ہوگا، راجہ پرویز اشرف

عوام نے ترقی، جمہوریت کے ایجنڈے پر اعتماد کا اظہار کیا

وسطی پنجاب کی قیادت کی بادل بھٹو، آصفہ بھٹو اور گلگت بلتستان کے عوام کو مبارکباد

لاہور (یوائن پی) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صدر راجہ پرویز اشرف، جنرل سیکرٹری حسن مرتضیٰ، سینئر نائب صدر رانا فاروق سعید اور سیکرٹری اطلاعات شہزاد سعید چیمہ نے گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں پیپلز پارٹی کی (بقیہ نمبر 2)

گوجرخان میں گیس کی بدترین لوڈشیڈنگ شہریوں کا صبر جواب دے گیا

سلنڈر خریدنا متوسط طبقے کی پہنچ سے باہر، حکام سے فوری نوٹس کا مطالبہ

گوجرخان (فرخشہزاد) گوجرخان شہر اور گردونواح میں گزشتہ کئی ماہ سے جاری سوئی گیس کی غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ گیس کی مسلسل بندش اور کم پریشر کے باعث گھریلو معمولات زندگی بری طرح متاثر ہو کر رہ گئے ہیں، پس پرعوامی حلقوں میں شدید غم و غصہ پایا جاتا ہے۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ گیس کی عدم دستیابی کی وجہ سے خواتین کو صبح وقت ناشتے کی تیاری اور دوپہر و رات کے کھانے کے لیے شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ (بقیہ نمبر 5)

ملک عبدالرضوان کی آخری رسومات سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا

گارڈ آف آنر اور سلامی کے ساتھ سپرد خاک، فرض شناس اہلکار کو ہزاروں افراد کا خراج عقیدت

چوآسیدن شاہ (خاورشہزاد) چوآسیدن شاہ کے نواحی گاؤں ٹالی سے تعلق رکھنے والے پاکستان رینجرز کے حاضر سروس اہلکار ملک عبدالرضوان کی وفات پر علاقے بھر میں گہری رنج و غم کی فضا چھائی۔ مرحوم کی نماز جنازہ ان کے آبائی گاؤں میں ادا کی گئی جس میں پاکستان رینجرز کے افسران و جوانوں، سول و عسکری شخصیات، سیاسی و سماجی رہنماؤں، معززین علاقہ، عزیز و اقارب اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کر کے مرحوم کو اپنی عقیدت اور محبت کا اظہار کیا۔ (بقیہ نمبر 3)

وزیراعظم محمد شہباز شریف اسلام آباد میں سینئر سیاستدان چوہدری شارق علی خان کی رہائش گاہ کا دورہ کر رہے ہیں۔

خاموش بیماریوں کے خلاف عوامی شعور و آگاہی کی بیداری ہی اصل طاقت ہیں، برین ٹیومر کی بروقت تشخیص اور علاج محفوظ زندگی کی ضمانت ہے: مریم نواز شریف

برین ٹیومر کے مریضوں کیلئے اظہار یکجہتی

پاکستان کا پہلا سرکاری نواز شریف کینسر ہسپتال برین ٹیومر کے مریضوں کیلئے بھی امید بنے گا، انسٹیٹیوٹ آف کینسر اینڈ ریسرچ سنٹر بہت جلد فنکشنل کردیا جائیگا

برین ٹیومر کے مریضوں کی بہتر نگہداشت کیلئے طبی عملے کی استعداد کار بڑھانے پر بھی کام کیا جا رہا ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا برین ٹیومر کے عالمی دن پر پیغام

لاہور (فرائندہ عوامی للکار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے برین ٹیومر کے مریضوں کیلئے بھی امید بنے والے انسٹیٹیوٹ آف کینسر اینڈ ریسرچ سنٹر بہت جلد فنکشنل کردیا جائیگا۔ برین ٹیومر کے مریضوں سے یکجہتی کا اظہار کیا اور برین ٹیومر کے علاج کا کامیبی کرنے والے تمام افراد کو خراج تحسین پیش کیا۔ برین ٹیومر (World DayTumoBrain) کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ برین ٹیومر خاموش (بقیہ نمبر 6) کے مریضوں سے یکجہتی کا اظہار کیا اور برین ٹیومر کے علاج کا کامیبی کرنے والے تمام افراد کو خراج تحسین پیش کیا۔ برین ٹیومر کے مریضوں کی بہتر نگہداشت کیلئے طبی عملے کی استعداد کار بڑھانے پر بھی کام کیا جا رہا ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا برین ٹیومر کے عالمی دن پر پیغام

لاہور: منیجر وزیراعلیٰ پنجاب ملی ڈارہ، اٹلی کی سفیر میریلینا ارسلینیں سے اہم ملاقات کر رہے ہیں۔

پے یو آئی (ف) کا گلگت بلتستان انتخابات کے نتائج پر تحفظات کا اظہار

اسلام آباد (یوائن پی) جے یو آئی رہنما عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ قادم 45 سے متعلق تحفظات ہیں اور انتخابی شفافیت پر سوالیہ نشان ہیں، میڈیٹ پرشپ (بقیہ نمبر 2)

لاہور مختلف واقعات میں تین افراد جاں بحق

لاہور (یوائن پی) صوبائی دارالحکومت میں مختلف واقعات کے دوران تین افراد جاں بحق ہوگئے۔ ایدھی ترجمان کے مطابق پرانی انارکلی، ناصر باغ کے قریب 42 سالہ معلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی (بقیہ نمبر 5)

پاکستان سٹاک مارکیٹ میں مندی کا رجحان

اسلام آباد (یوائن پی) پاکستان سٹاک مارکیٹ میں کاروباری ہفتے کے پہلے روز منفی رجحان دیکھنے میں آیا، جہاں کاروبار کے آغاز پر شئیر فروخت کی دباؤ بڑھنے سے ہنڈرڈ انڈیکس میں 1,500 سے زائد پوائنٹس کی کمی ریکارڈ کی گئی۔ مارکیٹ میں شدید مندی کے (بقیہ نمبر 6)

ملک میں پریلاوڈ ای پی کی فروخت میں کیلنڈر سال کے پہلے پانچ ماہ میں سالانہ بنیادوں

فیصل آباد (یوائن پی) ملک میں پریلاوڈ ای پی کی فروخت میں جاری کیلنڈر سال کے پہلے پانچ ماہ میں سالانہ بنیادوں پاضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ این ایف ڈی سی اور انڈسٹری کے اعداد وشمار کے مطابق کیلنڈر سال کے پہلے 5 ماہ (بقیہ نمبر 7)

وزیراطلاعات عطاء اللہ تارڑ سے ازبک سفیر کی ملاقات

پاکستان ازبکستان کے ساتھ اپنے تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے

اسلام آباد (یوائن پی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے ازبکستان کے سفیر علی شیر خیتخیف سے ملاقات کی جس میں دونوں ممالک کے درمیان علم سازی کے شعبے میں تعاون بڑھانے سمیت میڈیا، نظم اور فنی تعاون شیئرخیتخیف سے ملاقات کی جس میں دونوں کے فروغ پر تفصیلی جائزہ (بقیہ نمبر 2 3)

فیصل کریم کنڈی اور وزیراطلاعات کے درمیان ملاقات

ملاقات میں حکومت کے تمام اکائیوں کے ساتھ رابطہ کو مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا

اسلام آباد (یوائن پی) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرین کے سربراہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان کی شاندار کامیابی پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام نے پیپلز پارٹی پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کی شاندار کامیابی پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام نے پیپلز پارٹی پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کی شاندار کامیابی پر اظہار تشکر کر رہے ہیں۔ (بقیہ نمبر 4)

صوبائی وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال پاشا پنجاب میں بلاسود قرضوں کی فراہمی پارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

ورلڈ بینک کا اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام میں دلچسپی، 100 ملین ڈالر فنڈز کے اجرا کی منظوری

دی اسٹریٹجک سے گھروں کی تعمیر کے اہداف میں نمایاں اضافہ ہوگا

لاہور (یوائن پی) ورلڈ بینک نے پنجاب حکومت کے اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام میں شرکت کے لیے دلچسپی کا اظہار کیا ہے، جس کے تحت 100 ملین ڈالر کے فنڈز جاری کیے جائیں گے۔ صوبائی وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال پاشا (بقیہ نمبر 8 2)

رمشہ اقبال کا لائسنس کینسل کرنے کیلئے پنجاب بار کونسل میں درخواست دائر

رمشہ اقبال آسٹریلیا کی ایک کمپنی میں تین سال تک آفس منیجر کے طور پر مستقل نوکری کرتی رہی ہیں

جو کہ لیگل پریکٹشنر اینڈ بار کونسل ایکٹ کی شدید خلاف ورزی ہے؛ درخواست میں مؤقف

لاہور (یوائن پی) پنجاب بار کونسل لاہور میں اکادمہ مومنا اقبال کی بہن وکیل رمشا اقبال کے خلاف قواعد و ضوابط کی سنگین خلاف ورزی پر انضباطی کارروائی کے لیے درخواست دائر کر دی گئی، ان پر الزام ہے کہ انہوں نے قانون کی پریکٹس کا فعال لائسنس برقرار رکھتے ہوئے ایک غیر قانونی کمپنی میں بطور آفس منیجر خود اور ملازمت اختیار کر لی تھی، جو کہ وکلاء کے ضابطہ اخلاق کی صریح خلاف ورزی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب بار کونسل لاہور کی ڈسپلنری کمیٹی کے چیئرمین کو ایک باقاعدہ شکایت موصول ہوئی ہے جس میں ایڈووکیٹ رمشا اقبال پر پیشہ ورانہ مس کنڈکٹ کا الزام عائد کیا گیا ہے، یہ شکایت ہائی کورٹ کے وکیل چوہدری آصف ولی کی جانب سے باقاعدہ طور پر دائر کی گئی ہے، درخواست (بقیہ نمبر 7)

خدمات کے شعبہ کی ملکی برآمدات میں 21.71 فیصد اضافہ

فیصل آباد (یوائن پی) خدمات کے شعبہ کی ملکی برآمدات میں اپریل 2026 کے دوران 21.71 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ ادارہ برائے شماریات پاکستان (پی بی ایس) کے اعداد وشمار کے مطابق اس دوران شعبہ کی برآمدات کا حجم 914.98 ملین ڈالر تک پہنچ گیا جبکہ اپریل 2025 تک خدمات کی برآمدات 751.75 ملین ڈالر زرمبادلہ کمایا گیا تھا۔ اس طرح اپریل 2025 (بقیہ نمبر 9)

ملک بھر میں سونے کی قیمت میں 3094 روپے کمی

اسلام آباد (یوائن پی) ملک بھر میں سونے کی قیمت میں 3,094 روپے کی کے ساتھ فی تولہ سونا 4 لاکھ 52 ہزار 2 سو 33 روپے کا ہوگیا۔ آل پاکستان جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق چیز کو سونے کی فی تولہ قیمت میں 3,094 روپے کی کے بعد فی تولہ سونا 4 لاکھ 52 ہزار 2 سو (بقیہ نمبر 10)

پاکستان کے ساتھ تجارتی راستوں کی بندش سے افغان کسان شدید مالی بحران کا شکار

پاکستانی منڈیوں تک رسائی محدود ہونے سے افغان برآمدات بری طرح متاثر

اسلام آباد، کابل (یوائن پی) طالبان رجیم کی انتہاپسندانہ پالیسیوں کے باعث ٹماٹر، پیاز، تازہ پھل اور سبزیوں کی قیمتیں متاثر ہوئی ہیں۔ (بقیہ نمبر 9)

چوکی قاضیاں کی حدود میں ڈکوبے لگام 48 گھنٹوں میں ڈکیتی کی تین وارداتیں

ٹی سی ایس رائیڈر اور شہری سے نقدی و موبائل فون چھین لے گئے جبکہ ایک اور واردات میں مزاحمت پر ایک نوجوان بال بال بچ گیا

علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا، عوامی حلقوں کا پولیس چوکی کی پٹرولنگ اور سکیورٹی انتظامات پر عدم اطمینان کا اظہار

گوجرخان (فرخشہزاد) پولیس چوکی قاضیاں کی حدود میں ڈکیت گینگ نے دو روز کے دوران بے دریغ وارداتیں کر کے پولیس کی کارکردگی پر سوالیہ نشان لگا دیا ہے۔ ڈکوؤں نے ٹی سی ایس رائیڈر سمیت متعدد شہریوں کو لوٹ کر علاقے میں خوف و ہراس پھیلا دیا۔ عوامی حلقوں کا پولیس چوکی قاضیاں

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar
ABC عوام کی بے ساختہ للکار
بانی: کامریڈ خضر حیات بلوچ

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

افغانستان سے تربیت یافتہ خارجی کمانڈر گرفتار

پاکستانی سکیورٹی فورسز کے ہاتھوں گرفتار خارجی دہشت گرد عمر دین عرف جذبہ نے اپنے اعترافی بیان میں کہا ہے کہ فتنہ الخوارج کو افغانستان میں موجود خارجی کمانڈروں سے مالی معاونت حاصل ہوتی ہے۔ گرفتار خارجی عمر دین عرف جذبہ نے ایک ویڈیو بیان میں بتایا کہ والد سے اختلاف اور جھگڑے کے بعد اس نے ٹی ٹی پی (فتنہ الخوارج) میں شمولیت اختیار کی۔ اس کے مطابق خوارج کو افغانستان سے مالی وسائل اور اسلحہ فراہم کیا جاتا ہے، جبکہ اسلحہ افغانستان سے پاکستان اسمگل بھی کیا جاتا ہے۔ اس نے مزید بتایا کہ تمام خارجی کمانڈروں کے ساتھ 60 سے 70 افغان جنگجو موجود ہیں اور اس نے خود بھی افغانستان میں راکٹ لانچر سمیت مختلف ہتھیار چلانے کی تربیت حاصل کی۔ ادھر شکھالی تعاون تنظیم کے کرغزستان میں ہونے والے اجلاس کے دوران وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے روس، تاجکستان، ازبکستان، کرغزستان اور قازقستان کے وزرائے داخلہ سے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ پاکستان اور تاجکستان کے وزرائے داخلہ نے اس بات پر اتفاق کیا کہ افغانستان میں دہشت گردوں کے کیمپ اور منشیات کی پیداوار خطے کے لیے سنگین سکیورٹی خدشات کا باعث ہیں۔ ان کے مطابق اس وقت افغانستان میں 25 مختلف دہشت گرد تنظیمیں سرگرم عمل ہیں۔ ان اطلاعات سے یہ تاثر ملتا ہے کہ پاکستان اور خطے کے دیگر ممالک میں دہشت گردی کے پھیلاؤ کے حوالے سے افغانستان کے کردار پر سنجیدہ سوالات موجود ہیں۔ عالمی برادری کو بھی اس صورتحال کا نوٹس لینا چاہیے، جبکہ افغان حکومت کو اس امر کا ادراک ہونا چاہیے کہ اگر وہ ایسے عناصر کے خلاف موثر اقدامات نہیں کرتی تو بین الاقوامی سطح پر اس کی قبولیت اور استحکام کے امکانات متاثر ہو سکتے ہیں۔ اگر کسی ملک کے اپنے پڑوسی ممالک کے ساتھ مسلسل کشیدگی اور تناؤ ہے تو اس کا نقصان بالآخر اسی ملک کو اٹھانا پڑتا ہے۔ اس لیے افغانستان کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے ہمسایہ ممالک کے ساتھ تعلقات کو بہتر بنانے کی کوشش کرے اور اپنی سرزمین کو دہشت گرد سرگرمیوں کے لیے استعمال ہونے سے روکے۔ افغانستان کو بھارت کی طفیلیت سے بھی نکلنا ہوگا۔

موسمیاتی تبدیلی کے تناظر میں سمندروں کا مستقبل اور تحفظ

تحریر: رضوان طاہر چوہان

ہر سال 8 جون کو دنیا بھر میں سمندروں کا عالمی دن منایا جاتا ہے تاکہ انسانی زندگی میں سمندروں کی اہمیت کو اجاگر کیا جائے اور ان کے تحفظ کے لیے اجتماعی شعور کو فروغ دیا جا سکے۔ زمین کی سطح کے 70 فیصد سے زائد حصے پر محیط سمندر کرۂ ارض کے ماحولیاتی نظام کا بنیادی ستون ہیں۔ یہ نہ صرف عالمی آب و ہوا کو متوازن رکھنے میں کردار ادا کرتے ہیں بلکہ اربوں انسانوں کو خوراک، روزگار، تجارت اور معاشی مواقع بھی فراہم کرتے ہیں۔ رواں سال سمندروں کے عالمی دن کا موضوع "Reimagining WeWorldTheBeyond Relationship Newa,Know OceanOurWith" ہے، جو اس امر پر زور دیتا ہے کہ انسانیت کو سمندروں کے ساتھ اپنے تعلق کو نئے انداز میں دیکھنے اور ان کے تحفظ کے لیے پائیدار تحت عملی اختیار کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ موضوع ہمیں یاد دلاتا ہے کہ سمندر صرف قدرتی وسائل کا ذخیرہ نہیں بلکہ انسانی بقا، ترقی اور خوشحالی کے لیے ناگزیر اثاثہ ہیں۔ سمندروں کا عالمی دن اس بات کی یاد دہانی بھی کراتا ہے کہ ہماری روزمرہ زندگی کا ایک بڑا حصہ براہ راست یا بالواسطہ طور پر سمندروں سے وابستہ ہے۔ اس دن کا مقصد عوام کو سمندری ماحول پر انسانی سرگرمیوں کے اثرات سے آگاہ کرنا، سمندروں کے تحفظ کے لیے عالمی سطح پر شعور بیدار کرنا اور دنیا بھر کے شہریوں کو سمندری وسائل کے پائیدار استعمال کے لیے تحریک دینا ہے۔ بدقسمتی سے آج دنیا کے سمندر متعدد خطرات سے دوچار ہیں۔ پلاسٹک اور دیگر آلودگیوں کی بڑھتی ہوئی مقدار سمندری حیات کو شدید نقصان پہنچا رہی ہے۔ حد سے زیادہ ماہی گیری کے باعث کئی اقسام کی مچھلیوں کے ذخائر خطرناک حد تک کم ہو چکے ہیں، جبکہ موسمیاتی تبدیلی سمندری درجہ حرارت میں اضافے، سمندری تیزابیت اور سطح سمندر میں بلندی جیسے مسائل کو جنم دے رہی ہے۔ یہ تمام عوامل نہ صرف سمندری حیاتیاتی تنوع بلکہ عالمی غذائی تحفظ اور معاشی استحکام کے لیے بھی سنگین خطرہ ہیں۔ پاکستان کے لیے سمندروں کی اہمیت اور بھی زیادہ ہے۔ بحیرہ عرب کے ساحلی خطوں پر آباد پاکستان وسیع سمندری وسائل اور طویل ساحلی پٹی رکھنے والا پاکستان وسیع سمندری وسائل اور ماہی گیری، بندرگاہی سرگرمیاں، سمندری تجارت، ساحلی سیاحت اور دیگر بحری شعبے قومی معیشت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ تاہم ان مواقع کے بھرپور استفادہ اسی صورت ممکن ہے جب سمندری ماحولیاتی نظام کے تحفظ کو قومی ترجیحات میں شامل کیا جائے۔ اس مقصد کے لیے مؤثر ماحولیاتی حکمرانی، سائنسی تحقیق، سمندری آلودگی کی روک تھام، پائیدار ماہی گیری کے فروغ اور ساحلی علاقوں کے تحفظ کے لیے مربوط اقدامات ناگزیر ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ تعلیمی اداروں، میڈیا، سول سوسائٹی اور نوجوانوں کو بھی سمندری شعور کے فروغ اور ماحولیاتی ذمہ داری کے احساس کو مضبوط بنانے میں فعال کردار ادا کرنا ہوگا۔ سمندروں کا تحفظ محض ایک ماحولیاتی ضرورت نہیں بلکہ معاشی اور سماجی استحکام کی بھی ضمانت ہے۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومتیں، ادارے، نجی شعبہ اور عام شہری مل کر ایسے اقدامات کریں جو سمندروں کو آلودگی، غیر قانونی ماہی گیری اور موسمیاتی خطرات سے محفوظ بنا سکیں۔ سمندروں کے عالمی دن کے موقع پر ہمیں اس عزم کا اعادہ کرنا چاہیے کہ ہم اپنے سمندروں کے ساتھ ایک نیا، ذمہ دارانہ اور پائیدار تعلق قائم کریں گے۔ ایک صاف، صحت مند اور محفوظ سمندری ماحول ہی آنے والی نسلوں کے روشن اور خوشحال مستقبل کی ضمانت بن سکتا ہے۔

ناصر CNG
اینڈ آٹو ورکشاپ
CNG اور آٹو پارٹس دستیاب ہیں
فری آئل چینج
مکینک: ناصر محمود 9332-5683901 0345-5251129
مکینک: خضر اقبال 0343-6818018

کتاب سے دوری: ہماری قومی زوال کی ایک خاموش وجہ

شیخ سیف اللہ

پچھلے دنوں میں ایک ہوٹل میں بیٹھا ہوا تھا۔ اچانک میری نظر سامنے موجود دو کالوں پر پڑی۔ دونوں دکانوں کے دروازے شیشے کے تھے، اس لیے اندر کا منظر صاف دکھائی دے رہا تھا۔ ایک کتابوں کی بڑی دکان تھی اور دوسری موبائل فون اور ڈیجیٹل اشیاء کی دکان تھی۔ کتابوں کی دکان پر کوئی گاہک موجود نہیں تھا مگر پورا سٹاچھایا ہوا تھا اور دکان دار گاہک نہ ہونے کے باعث بے فکری سے لیٹا ہوا تھا۔ دوسری طرف موبائل فون کی دکان پر اس قدر رش تھا کہ خریدار کیٹ تک اٹھائے آتے اور ہر کوئی اپنی باری کا انتظار کر رہا تھا۔ میں یہ منظر دیکھ کر گہری سوچ میں پڑ گیا۔ یہ الیہ صرف اس ایک چھوٹے کا نہیں، بلکہ ہمارے پورے معاشرے کی عمومی تصویر ہے۔ آپ ملک کے کسی بھی کونے میں چلے جائیں، لائبریریاں اور کتابوں کی دکانیں خالی نظر آئیں گی، جبکہ موبل اور کیپلے فون رات آدھی دکھائی دیں گے۔ یہ صورتحال واضح کرتی ہے کہ ہمارا مجموعی رویہ کتاب سے کتنا دور ہو چکا ہے۔ ایک عالمی سروے کے مطابق پاکستان دنیا کے اُن ممالک میں شامل ہے جہاں کتابوں کے مطالعے کا رجحان انتہائی کم پایا جاتا ہے۔ اس کے برعکس سوشل میڈیا خصوصاً ٹک ٹاک کے استعمال میں پاکستان دنیا کے سرفہرست ممالک میں شمار ہوتا ہے۔ دوسری طرف امریکہ، برطانیہ، اٹلی، روس، فرانس، چین اور جاپان جیسے ترقی یافتہ ممالک میں کتاب بینی کا رجحان اب سے زیادہ ہے۔ جدید ٹیکنالوجی اور سوشل میڈیا کی فراوانی کے باوجود وہاں لوگوں نے کتابوں سے اپنا رشتہ منقطع نہیں کیا۔ وجہ یہاں میں لائبریری، ریڈنگ روم، ادبی محافل اور پبلک مقامات پر کتاب بینی کا رجحان ہے۔ جدید ٹیکنالوجی اور سوشل میڈیا کی فراوانی کے باوجود وہاں لوگوں نے کتابوں سے اپنا رشتہ منقطع نہیں کیا۔ وجہ یہاں میں لائبریری، ریڈنگ روم اور انتظار گاہوں میں لوگوں کا کتابیں پڑھنا ایک عام منظر ہے، جبکہ اس ممالک میں کیفے جیسے قائم عوامی لائبریریاں مطالعے کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ ہمارے ہاں بدقسمتی سے عام عوام تو دور تعلیمی اداروں کے طلبہ بھی نصابی کتابوں کے علاوہ کسی دوسری کتاب کو ہاتھ لگانا گوارا نہیں کرتے۔ ہم اکثر یہ شکوہ کرتے نظر آتے ہیں کہ ہم بطور قوم ترقی کیوں نہیں کر پا رہے؟ ہمارے اخلاق و معاملات کیوں زوال پذیر ہیں؟ اور ہماری نئی نسل میں بدتہذیبی اور بدتہذیبی کیوں بڑھتی جا رہی ہے؟ اگر غور کیا جائے تو اس کی ایک وجہ مطالعے کا فقدان اور کتابوں سے ایزار شتہ ہمارے اخلاق و کردار پر منفی اثرات مرتب کر رہا ہے۔ ہم اپنی نوجوان نسل کو کتابوں سے دور رکھ کر اُنہیں ایک بے مقصد زندگی کی طرف دھکیل رہے ہیں۔ اس صورتحال کا سدِباب کرنے کے لیے ہمیں اپنی ترجیحات پر نظر ثانی کرنی اور علم و مطالعہ کو دوبارہ اپنی زندگی کا حصہ بنانا ہوگا۔ گھروں میں عالی شان ڈرائنگ روم کے ساتھ ایک چھوٹی سی لائبریری کا قیام ناگزیر ہے تاکہ کتابیں ہماری زیور ہونے کی حد سے نکلیں۔ والدین کی ذمہ داری ہے کہ وہ بچوں کے ہاتھوں میں موبائل فون تھمانے کے بجائے کتابیں دیں اور ان میں مطالعے کا شوق پیدا کریں۔ اسی طرح تعلیمی اداروں کو بھی چاہیے کہ وہ طلبہ کی فکری نشوونما کے لیے نصابی تعلیم کے ساتھ ساتھ غیر نصابی کتب کی طرف اُن کی بھرپور توجہ مبذول کروائیں۔ اسی طرح ریاستی سطح پر بھی یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ عوامی لائبریریوں کے قیام اور فروغ کو یقینی بنایا جائے، تاکہ معاشرے کے ہر طبقے کو علم تک آسان رسائی حاصل ہو سکے۔ اگر ہم نے آج یہ قدم نہ اٹھایا تو کل صرف پچھتاوے ہمارے حصے میں آئیں گے۔

کشمیر کی خاطر پاکستان نے کیا نہیں کھویا؟

محمد اکرم چوہدری

جب تاریخ کے اوراق پلٹے جاتے ہیں تو کچھ باب ایسے ہوتے ہیں جن پر صرف سیاہی نہیں، خون سے لکھے ہوئے الفاظ ثبت ہوتے ہیں۔ کشمیر کا باب بھی انہی میں سے ایک ہے۔ یہ صرف ایک خطہ زمین کی داستان نہیں، یہ قربانیوں، جدوجہد، امیدوں، آنسوؤں اور شہیدوں کی ایسی داستان ہے جو برصغیر کی تقسیم سے شروع ہو کر آج تک جاری ہے۔ 1947 میں جب برصغیر تقسیم ہوا تو لاکھوں انسانوں نے ہجرت کی، لاکھوں نے جانیں قربان کیں اور ایک نئی مملکت پاکستان دنیا کے نقشے پر ابھری۔ مگر تقسیم کے فوراً بعد ہی کشمیر کا مسئلہ سامنے آ گیا۔ ڈوگرہ راج کے ظلم تلے دبے کشمیری مسلمان آزادی اور اپنے مستقبل کے فیصلے کا حق مانگ رہے تھے۔ ان کی آواز کو دبانے کی کوشش کی گئی، لیکن آزادی کی خواہش کو زنجیروں میں قید نہیں کیا جا سکتا۔ 1948 کی جنگ اس ہی نیں منظر میں لڑی گئی۔ پاکستان ایک نوزائیدہ ریاست تھا۔ وسائل محدود تھے، معیشت کمزور تھی، ادارے تشکیل پا رہے تھے، لیکن کشمیری پکار نے پورے ملک کو جھنجھوڑ دیا۔ قبائلی مجاہدین، رضاکار اور پاکستانی جوان میدان میں اترے۔ کئی نوجوان ایسے تھے جنہوں نے اپنے گھروں سے رخصت ہوتے وقت یہ بھی نہیں سوچا تھا کہ وہ واپس لوٹ سکیں گے یا نہیں۔ ان کے سامنے صرف ایک مقصد تھا: کشمیری مسلمانوں کی مدد۔ اس جنگ میں پاکستان نے صرف قومی وسائل ہی خرچ نہیں کیے بلکہ اپنا بہترین بیٹا قربان کیا۔ بہت سے خاندان ایسے تھے جن کے چراغ بجھ گئے، مگر ان کے پیروں پر افسوس کے بجائے فخر تھا کہ ان کے بیٹوں نے کشمیر کی خاطر جان دی۔ پھر وقت آگے بڑھا۔ اقوام متحدہ کی قراردادیں آئیں۔ دنیا نے کشمیریوں کو حق خودارادیت دینے کے وعدے کیے۔ پاکستان نے ہر عالمی فورم پر کشمیر کا مقدمہ پیش کیا۔ سفارت کاری کے میدان میں بھی جنگ جاری رہی۔ ہمارے سفارت کار، ہمارے رہنما اور ہمارے وائسرز دنیا کے دروازے کھٹکھٹاتے رہے کہ کشمیریوں سے کیا گیا وعدہ پورا کیا جائے۔ 1965 کی جنگ آئی۔ اس جنگ کے اسباب میں کشمیر مرکزی حیثیت رکھتا تھا۔ پاکستان کے جوانوں نے ایک بار پھر سرحد پر خون بہایا۔ لاہور سے سیالکوٹ تک اور کشمیر کے محاذوں پر ایسے معرکے ہوئے جو تسکری تاریخ کا حصہ بن گئے۔ کتنے ہی سپوت وطن کی مٹی میں سو گئے۔ ان کی مائیں آج بھی فخر سے کہتی ہیں کہ ان کے بیٹوں نے وطن اور کشمیر کی خاطر قربانی دی۔ 1971 کا سانحہ پاکستان کی تاریخ کا ایک دردناک باب ہے۔ ملک دو حصوں میں تقسیم ہوا، مگر اس کے باوجود کشمیر پاکستان کی قومی پالیسی کا مرکز رہا۔ پاکستان نے اپنی داخلی مشکلات، معاشی بحرانوں اور سیاسی اختلافات کے باوجود کشمیر کا مقدمہ کبھی نہیں چھوڑا۔ پھر 1980 اور 1990 کی دہائیاں آئیں۔ وادیٔ کشمیر میں دنیا کے اُن ممالک میں شامل ہے جہاں کتابوں کے مطالعے کا رجحان انتہائی کم پایا جاتا ہے۔ اس کے برعکس سوشل میڈیا خصوصاً ٹک ٹاک کے استعمال میں پاکستان دنیا کے سرفہرست ممالک میں شامل ہے۔ یہ حقیقت یاد رکھنی چاہیے کہ مطالعہ ذہنی و اخلاقی تربیت کا سب سے مؤثر ذریعہ ہے۔ انسان جو کچھ پڑھتا ہے، وہ آہستہ آہستہ اس کے دل و دماغ میں رچ بس جاتا ہے اور پھر اس کے کردار اور عمل کی صورت میں ظاہر ہونے لگتا ہے۔ مطالعے کے ذریعے انسان تاریخ کے علیم انسانوں کے علم، تجربات اور مشاہدات سے فیض یاب ہو سکتا ہے۔ مطالعہ انسان کو تنگ نظری کے اندھیروں سے نکال کر وسعتِ قلب اور بیداری شعور عطا کرتا ہے۔ کتاب انسان کو دوسروں کے تجربات سے سیکھنے کا موقع دیتی ہے، جس کے نتیجے میں وہ زندگی میں بار بار ٹھوکریں کھانے سے بچ جاتا ہے۔ یہی نہیں بلکہ مطالعہ وہ سرائیگزر ذریعہ ہے جس کے ذریعے انسان گھر بیٹھے زمان و مکان کی قید سے آزاد ہو کر دنیا جہاں کی سیر کر سکتا ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ جو قومیں کتاب اور علم سے اپنا رشتہ توڑ لیتی ہیں، وقت کی بساط پر ان کا وجود مٹنے دیر نہیں لگتی۔ اس لیے ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اپنی ترجیحات پر نظر ثانی کریں اور علم و مطالعہ کو دوبارہ اپنی زندگی کا حصہ بنائیں۔ گھروں میں عالی شان ڈرائنگ روم کے ساتھ ایک چھوٹی سی لائبریری کا قیام ناگزیر ہے تاکہ کتابیں ہماری زیور ہونے کی حد سے نکلیں۔ والدین کی ذمہ داری ہے کہ وہ بچوں کے ہاتھوں میں میگنے موبائل فون تھمانے کے بجائے کتابیں دیں اور ان میں مطالعے کا شوق پیدا کریں۔ اسی طرح تعلیمی اداروں کو بھی چاہیے کہ وہ طلبہ کی فکری نشوونما کے لیے نصابی تعلیم کے ساتھ ساتھ غیر نصابی کتب کی طرف اُن کی بھرپور توجہ مبذول کروائیں۔ اسی طرح ریاستی سطح پر بھی یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ عوامی لائبریریوں کے قیام اور فروغ کو یقینی بنایا جائے، تاکہ معاشرے کے ہر طبقے کو علم تک آسان رسائی حاصل ہو سکے۔ اگر ہم نے آج یہ قدم نہ اٹھایا تو کل صرف پچھتاوے ہمارے حصے میں آئیں گے۔

SHOWBIZ شوبز

نامور اداکار جمیل فخری کی 15 ویں برسی (آج) منائی جائے گی

اکیڈمی پی ٹی وی کے مشہور ڈرامہ سیریل اندھیرا اجالا نے شہرت کی بلندیوں پر پہنچایا

لاہور (یوایین پی) معروف اداکار جمیل فخری کی 15 ویں برسی (آج) 9 جون کو منائی جائے گی۔ دوسائل اداکار جمیل فخری 1946ء میں لاہور میں پیدا ہوئے، انہوں نے اپنے کیریئر کا باقاعدہ آغاز تھیٹر سے کیا اور پھر پی ٹی وی کے سنگ ہو گئے، اکیڈمی پی ٹی وی کے مشہور ڈرامہ سیریل اندھیرا اجالا نے شہرت کی بلندیوں پر پہنچایا، ڈرامے میں پولیس انسپکٹر جعفر حسین کے کردار نے انہیں بے حد مقبول کیا، اداکار جمیل فخری نے 50 سے زائد فلموں اور متعدد ڈراموں میں کام کیا، دلدل، تانے بانے، وارث، پرائی آگ اور محبت سوا تھا نے میں ان کے کردار سپر ہٹ ثابت ہوئے، اداکار کو 1981 میں فلم پردہ نہ اور سے میں بہترین مزاحیہ اداکاری پر نگار ایوارڈ سے نوازا گیا اور 2002 میں پرائیڈ آف پرفارمنس کے سی حق دار قرار پائے۔

ماضی کی معروف اداکارہ صبیحہ خانم کی چھٹی برسی 13 جون کو منائی جائے گی

صبیحہ خانم نے فلمی سفر کا آغاز بلی سے کیا پھر لالی ووڈ میں چار دہائیوں تک راج کیا

لاہور (یوایین پی) پاکستان فلم انڈسٹری کی ماضی کی معروف اداکارہ صبیحہ خانم کی چھٹی برسی 13 جون کو منائی جائے گی۔ فلم انڈسٹری کی پہلی سپر سٹار صبیحہ خانم کا اصل نام ممتاز بیگم تھا، وہ 1935ء میں گجرات میں پیدا ہوئیں۔ صبیحہ خانم نے فلمی سفر کا آغاز بلی سے کیا پھر لالی ووڈ میں چار دہائیوں تک راج کیا، انہیں کئی بار نگار ایوارڈز کے ساتھ صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی سے بھی نوازا گیا۔ صبیحہ خانم نے نامور اداکار سنتوش کمار کے ساتھ 47 فلموں میں کام کیا، پھر حسرت کے دوران دونوں شادی کے پاکیزہ بندھن میں بندھ گئے۔ صبیحہ خانم کی کامیاب ترین فلموں میں سات لاکھ، دوآتشہ، گنہگار، دلاسا، سفر فرشتے، گھونگھٹ، دیور بھابھی، حسرت اور دامن نے انہیں پاکستان کی کامیاب ترین ہیروئن بنایا، صبیحہ خانم طویل علالت کے بعد 13 جون 2020 کو خالق حقیقی سے جا ملیں۔

شہنشاہ غزل مہدی حسن کی 14 ویں برسی 13 جون کو منائی جائے گی

شہنشاہ غزل مہدی حسن نے اپنی زندگی میں 25 ہزار سے زائد فلمی گیت اور غزل گائیں

لاہور (یوایین پی) شہنشاہ غزل استاد مہدی حسن کی 14 ویں برسی 13 جون کو منائی جائے گی۔ مہدی حسن کی تھلو موتیکی کے کلاونت گھرانے سے تھا۔ وہ ہندوستان کی ریاست جے پور کے ایک گاں لونا میں 18 جولائی سنہ 1927 کو پیدا ہوئے تھے۔ مہدی حسن کے والد کا نام عظیم خان تھا اور ان کا تعلق بھی موسیقی کی دنیا سے تھا۔ مہدی حسن بچپن سے ہی اپنے والد عظیم خان سے تان پورہ سیکھ کر دیا اور کیا کی کیتی گھرانے کا ملوا، یمنی تہوار مستقبل ہے۔ تھا مہدی حسن شان پورہ سے راگوں کی تعلیم لینے کرنے لگا۔ ابتدائی تعلیم اپنے والد عظیم خان اور چچا اسمٰعیل خان سے حاصل کی۔

عوامی مقامات پر چھوٹے کپڑے پہننے والوں کیلئے قانون بنایا جائے

سرکوں میں چھوٹے کپڑے پہننے والوں کیلئے قانون نہ بنایا گیا



لاہور (یوایین پی) پاکستانی گلوکار فلک شبیر نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے عوامی مقامات پر ڈریس کوڈ سے متعلق درخواست کر دی۔ فلک شبیر نے اپنے سوشل اکاؤنٹ پر ایک اسٹوری شیئر کی جس میں انہوں نے پنجاب حکومت کو سوشی ویٹنگ پر پابندی لگانے پر سراہا۔ اداکار نے اپنی اسٹوری میں لکھا کہ یہ بہت اچھا اقدام ہے۔ پچھلے 2 مہینوں کا باپ ہونے کی حیثیت سے میں مریم نواز سے باعزتہ درخواست کرتا چاہتا ہوں کہ عوامی مقامات، بازار سڑکوں میں چھوٹے کپڑے پہننے والوں کیلئے بھی کوئی قانون بنایا جائے، کیونکہ تو فلاحی طور پر ہم جانتے ہوں جائیں گے۔

☆☆☆

ورون دھون کی فلم ''ہے جوانی تو محنتی ہونا ہے'' شائقین کو متوجہ نہ کر سکی

سنتی (یوایین پی) بولی وڈ اداکار ورون دھون کی کامیڈی ڈرامہ فلم ''ہے جوانی تو محنتی ہونا ہے'' ریلیز کے دوسرے دن بھی بزنس بڑھانے میں ناکام رہی اور صرف 7.25 کروڑ روپے کی سنگل۔ انڈین میڈیا رپورٹس کے مطابق ورون دھون، مرینال ٹھاکر اور پریا بنرجی کے بے دفاتی کے موضوع پر مبنی یہ فلم شائقین کو بیستا گھروں تک لانے میں ناکام رہی۔ ڈیوڈ دھون کی اس آخری فلم نے اپنے دوسرے دن 7.25 کروڑ روپے کا بزنس کیا جو کہ فلم کے پہلے دن کی کمائی 7.5 کروڑ روپے سے معمولی کم ہے۔ اس کے ساتھ ہی فلم کی دونوں کی مجموعی نیٹ کمائی 14.75 کروڑ روپے ہو گئی ہے۔

ملیالم اداکار سلیم کمار کی آخری رسومات کے دوران بیٹا فوٹو گرافر پر برہم

سنتی (یوایین پی) جنوبی بھارت کے ملیالم فلموں کے معروف اداکار سلیم کمار کے بیٹے والد کی آخری رسومات کے دوران بیٹا فوٹو گرافر پر برہم ہو گئے۔ ویڈیو میں دیکھا گیا کہ سلیم کمار کے بیٹے والد کی پیاری لاش کو دیکھ رہے تھے کہ اچانک ایک فوٹو گرافر پر برہم ہو گئے۔ ویڈیو میں دیکھا گیا کہ سلیم کمار 68 سال کی عمر میں چل بسے، اگی آخری رسومات سنگاری اعزاز کے ساتھ ادا کر دی گئیں۔ انڈین میڈیا رپورٹس کے مطابق وہ 2020 میں اپنے پرانے میوزک البم دوبارہ ریکارڈ کرنے کا فیصلہ کیا تھا جس کا مقصد اپنے ماسٹر ریکارڈنگ حقوق کے تاریخ کے بعد اپنے گانوں پر دوبارہ کنٹرول حاصل کرنا تھا۔

☆☆☆

ٹیلر سوئفٹ اور ٹریس کیلسی کی شادی کی نئی تفصیلات منظر عام پر آگئیں

یہ جوڑا 3 جولائی کو رشتہ ازدواج میں منسلک ہو سکتا ہے

نیویارک (یوایین پی) عالمی شہرت یافتہ پاپ گلوکارہ ٹیلر سوئفٹ اور امریکی اداکار ٹریس کیلسی کی متوقع شادی سے متعلق کئی اطلاعات سامنے آئی ہیں، جنہوں نے ماہوں کے جسس میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق اطلاعات کو دعویٰ کیا ہے کہ یہ معروف جوڑا 3 جولائی کو رشتہ ازدواج میں منسلک ہو سکتا ہے۔ ٹیلر سوئفٹ کی تقریب نیویارک کے پرانی کے مرکزی علاقے جین ٹیلین میں منعقد کیے جانے کا امکان ہے، تاہم تقریب کے حتمی مقام کو حال تک خفیہ رکھا گیا ہے۔ رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ دلی آف جین ٹین کی اصطلاح کیل مشہور مقامات کی جانب اشارہ کرتی ہے، جن میں سر رائٹ گلیڈز ریڈیو ٹی سٹوڈیو ہال، سینٹرل پارک اور نیویارک پبلک لائبریری شامل ہیں، تاہم کسی ایک مقام کی باضابطہ تصدیق نہیں کی گئی۔ ذرائع کے مطابق ٹیلر سوئفٹ نے اپنے قریبی دوستوں اور عزیزوں کو ذاتی طور پر ہونیوالی شادی کی تقریب میں شرکت کی دعوت دی ہے، لیکن تقریب کے مقام کی تفصیلات ابتدائی طور پر پوشیدہ رکھی گئیں، بعض مہماں کو سیدھ طور پر فیکسٹ پیغامات کے ذریعے مزید معلومات فراہم کی گئی ہیں، جبکہ باضابطہ دعوت ناموں کے اجرا کے حوالے سے ابھی تک کوئی حتمہ اطلاع سامنے نہیں آئی۔

SPORTS سپورٹس

انٹیشنل سرٹیفکیٹ چیمپئن شپ آج سے اسلام آباد میں شروع ہو گی

نعمان افضل نے بتایا کہ چیمپئن شپ کے تمام انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ اوپن چیمپئن شپ میں ملک بھر سے تقریباً 80 مرد اور خواتین شوٹرز حصہ لیں گے۔ ان شوٹرز کا تعلق پاکستان آرمی، پاکستان نیوی، پاکستان ایئر فورس، بارڈر ایکسیکیوشن کمیشن اور جاپان سے ہے۔

اسلام آباد (یوایین پی) انٹیشنل ایئر رائفل اینڈ ایئر پسٹل شوٹنگ چیمپئن شپ کے مقابلے (آج) منگل، 9 جون سے کمپ اینڈ کنٹری کلب، اسلام آباد میں ہو رہے ہیں۔ چیمپئن شپ کا افتتاح ہو گا۔ سیکرٹری بین الصوبائی رابطہ ڈی الدین وانی 9 جون صبح گیارہ بجے کریں گے۔ ڈیوٹ مدیٹ ارگنائزر نعمان افضل نے بتایا کہ چیمپئن شپ کے تمام انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ اوپن چیمپئن شپ میں ملک بھر سے تقریباً 80 مرد اور خواتین شوٹرز حصہ لیں گے۔ ان شوٹرز کا تعلق پاکستان آرمی، پاکستان نیوی، پاکستان ایئر فورس، بارڈر ایکسیکیوشن کمیشن اور جاپان سے ہے۔

محض 1.5 لاکھ کی آبادی والا ملک فٹبال ورلڈ کپ میں پہنچ گیا، دنیا حیران رہ گئی

وادا آبادی کے لحاظ سے سب سے چھوٹا ملک بن گیا۔ قطر پر 1.5 لاکھ آبادی والے اس جزیرے کی یکا مہالی دنیا بھر میں حیرت اور خوشی کا باعث بنی ہے۔ ٹیم کے کھلاڑیوں کا کہنا ہے کہ اس کامیابی نے دنیا کو یہ دکھا دیا ہے کہ اس ملک کے کھلاڑی کتنا کچھ کر سکتے ہیں۔ ٹیم کے کھلاڑیوں کا کہنا ہے کہ اس کامیابی نے دنیا کو یہ دکھا دیا ہے کہ ہم کھلاڑیوں کے لیے ایک نئی امید بھی پیدا کی ہے۔ ٹیم کے کھلاڑیوں نے کہا کہ ورلڈ کپ کے بعد تیزے میں فٹبال کی مقبولیت میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے، جبکہ لوگ مسلسل اس جزیرے کی ٹیم کو بھرپور طور پر سنا رہے ہیں۔ کیوسا اسا ڈب 2026ء کے دوران کھیلے گئے میچ میں جرمنی، ایکواڈور اور آئیوری کوسٹ جیسے بڑے فٹبال ممالک کے خلاف میدان میں اترنے کی تیاری کر رہی ہے۔ فٹبال ماہرین کہتے ہیں کہ یہ ٹورنامنٹ نئی ٹیموں کا گڑھ قرار دے رہے ہیں۔

☆☆☆

ہیڈ منٹن سرٹیفکیٹ چیمپئن شپ 15 جون سے راولپنڈی میں شروع ہو گا۔ مطاہر سہیل

انڈراج وائس آپ نمبر 03215354000 پر کروائے جا رہے ہیں۔ مطاہر سہیل نے مزید کہا کہ اس سرٹیفکیٹ چیمپئن شپ سکول کالجز کے طلبا و طالبات کو کھیلنے کا موقع ملے گا اور یہ نوجوان اس دوماہ کے ہیڈ منٹن سرٹیفکیٹ چیمپئن شپ کے دوران کافی کامیابیاں حاصل کر سکتے ہیں کیونکہ یہ سرٹیفکیٹ چیمپئن شپ تعلیمی اداروں میں گرمیوں کی چھٹیوں کے دوران لگایا جا رہا ہے اور اس طرح تعلیمی اداروں کے طلبا و طالبات کے لیے سرٹیفکیٹ چیمپئن شپ سال گرمیوں کی چھٹیوں کے دوران لگایا جاتا ہے۔ یہ سرٹیفکیٹ چیمپئن شپ 14 اگست تک جاری رہے گا۔

انٹیشن جونیئر اتھلیٹک چیمپئن شپ کے دوسرے روز جونیئر لیں قہرہ، لونگ جمپ

پشاور (یوایین پی) اتھلیٹک فیڈریشن آف پاکستان کے زیر اہتمام خیبر پختونخوا اتھلیٹک ایسوسی ایشن اور ڈائریکٹوریٹ جنرل آف اسپورٹس خیبر پختونخوا کے تعاون سے جونیئر جونیئر اتھلیٹک چیمپئن شپ کے دوسرے روز جونیئر لیں قہرہ، لونگ جمپ، ہمر قہرہ، ہکسڑ ریلے اور ہکسڑ ریلے کے فائنل مقابلے (آج) منگل کو قیوم سٹیڈیم، پشاور میں ہوگا۔ گزشتہ روز اتھلیٹک فیڈریشن آف پاکستان کے صدر بریگیڈیئر ضیاء الدین شاہ اور جاوید حسین نے بتایا کہ چیمپئن شپ کے دوسرے روز کھیلے جانے والے مردوں کے فائنل ایونٹس میں 400 میٹر ریس، 3000 میٹر ریس، جیولین قہرہ اور ہمر قہرہ شامل ہیں جبکہ خواتین کھیلے جانے والے فائنل مقابلوں میں 400 میٹر ریس، 1500 میٹر ریس، جیولین قہرہ، لونگ جمپ اور ہمر قہرہ شامل ہیں۔ اس کے علاوہ مکسڈ 4x100 میٹر ریلے کے مقابلے بھی ہو نگے۔ یہ مقابلے روزانہ شام 7 بجے شروع ہو نگے۔ چیمپئن شپ میں ملک بھر سے 14 مرد اور خواتین لیوں کے کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں۔ جن میں پاکستان آرمی، پاکستان ایئر فورس، پاکستان نیوی، پاکستان واپڈا،

1

بقیہ: کہ دنیا کو کلمۂ حق، انصافِ مزید یا آگاہ کیجئیتی ایسی جب کہ ہمارے لوگوں کو کارکردگی کے حرکت زمین میں کیں تھی تھی کہ ہمیں، جب بدعنوانی کے خلاف جنگ میں ایک بے مثال اداروں سے ہیں۔ اس کا کہنا ہے کہ ہم بات کرنا کرتے کی خاتمے، واضح کا کارکردگی کی تشخیص دوسرا ہے کہ ہم کی ترقی کو واضح کی ہو، تو دنیا کو بھی اور دوسرا اداروں سے اصلاح کیلئے گرفت اور توازن قیمت رکھنا، اور بلاتاخیر احتساب اور عدالتی دولت لوٹنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کرنے کی ذمہ داری سے کامیاب جاری رکھے ہوئے ہے، جس کی تکمیل کرنا ہے دگھر ماں تک ہیں ملا دشمنگی ہے۔ تشخیص تیب ہے کہ ہمارے اداروں کے مالی قوانین کے دائرے کار میں بہتری ہے، نیب نے حالیہ برسوں میں اپنے پریسکیوں کی تعداد اونسٹی تعداد کی تشکیل کو جدید خطوط پر استوار کیا ہے کہ اعلانوں میں کیسز کو منطقی انجام تک پہنچایا جا سکے، بیورو کریسی کو کام کرنے کا طریقہ کار انتہائی مشکل ہے اور حالیہ کی کو رائج تبدیلیوں اصلاح کو موثر کرنے کی ضرورت ہے، تاکہ سرمایہ کاری کی

2

شاہد امیر: جناب قائمقام کے عوام، ہفتہ زمین پاکستان ہفتہ پٹرول بادل بھاری زواری اور خاتون اول آمد سیکرٹری ہیں کہ ہمارے کاروبار کی ہے۔ ساتھ وزیر اعظم اعلیٰ بہتر پارٹ شرکت کیا کہ پیشہ شاہد کامیابی ہفتہ بادل بھاری اور خاتون اول آمد بھاری زواری کی ہے کہ ہمارے کاروبار کے ساتھ ہفتہ ہے کہ جناب بلکہ بھی کی شرح، ہیں اور خوشحالی کا ہے کہ ہمارے اداروں نے ہمارے کی ہے۔ ہمارے ساتھ ہے اور دیگر کو کامیابی میں اس تمام لوگوں کا شکریہ ادا کرتی ہے کہ پاکستان کی ایک ہے۔ روڈس ترقی یافتہ ہمیں کا پرسکیم ہے کہ پاکستان کی ایک ہے۔ روڈس اور ترقی یافتہ فیصلے میں تبدیل کرنے کا شروع ہو چکا ہے۔ پاکستان کی ترقی کا سفر ہمارے ہم کا ہے۔ ہمارے ساتھ ہے کہ ہمارے کی ہے۔ ہمارے ساتھ ہے کہ ہمارے کی ہے۔ ہمارے ساتھ ہے کہ ہمارے کی

چیئرمین بی آئی ایس کی سینیٹر روبینہ خالد کی ڈیجیٹل اثاثوں کے حوالے سے پریس کانفرنس

بی آئی ایس کی مستقبل خواتین کی عزت نفس اور معاشی خودمختاری کا ضامن ہے، پروگرام کے خلاف منفی پروپیگنڈہ قابل مذمت ہے

بی آئی ایس پی پوری دنیا میں مالی شمولیت کا مثالی پروگرام ہے؛ بین الاقوامی ادارے بی آئی ایس پی کے ماڈل سے سیکھ رہے ہیں

اسلام آباد (شاہد محمود ملک) بی آئی ایس پی مستحق خواتین کی عزت نفس اور معاشی خودمختاری کا ضامن ہے، پروگرام کے خلاف منفی پروپیگنڈہ قابل مذمت ہے، بی آئی ایس پی پوری دنیا میں مالی شمولیت کا مثالی پروگرام ہے؛ بین الاقوامی ادارے بی آئی ایس پی کے ماڈل سے سیکھ رہے ہیں، ملک کے اندر اس پروگرام کے بارے میں غلط معلومات اور منفی پروپیگنڈہ قابل افسوس ہے؛ پروگرام شہید محترمہ بینظیر بھٹو کا وژن ہے؛ صدر پاکستان اور وزیراعظم پاکستان کو بی آئی ایس پی پر مکمل اعتماد ہے، گزشتہ دو برس سے وزیراعظم رمضان (بقیہ نمبر 5)

بلوچستان میں ہنگور کی تحصیل پروم میں نادرا رجسٹریشن آفس قائم

کیلئے طویل مسافت طے کر کے ہنگور جانا پڑتا تھا

مقامی آبادی کو شناختی دستاویزات کے حصول

ہنگور (بی این ایف سی بلوچستان (سارتھ) نے ہنگور کی تحصیل پروم میں نادرا رجسٹریشن آفس قائم کر دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق آئی جی ایف سی بلوچستان (سارتھ) نے ہنگور کی تحصیل پروم کے دورہ کرکے پروازاؤ ایشن کے زیر انتظام نادرا رجسٹریشن آفس کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ تحصیل پروم میں (بقیہ نمبر 2) (5)

پریم کورٹ نے شوہر کے قتل میں ملوث خاتون کی سزا کم کر دی

جسٹس ہاشم کاکڑ کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے اپیل کی سماعت کی

اسلام آباد (این پی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے گھریلو تشدد اور میکے سے بار بار پیسے منگوانے پر مجبور کیے جانے کے بعد مبینہ طور پر شوہر کے قتل کے مقدمے میں سزا یافتہ خاتون اشفاق ساعت وکیل (بقیہ نمبر 1) (2)

میکے سے بار بار پیسے منگوانے اور تشدد کرنے پر شوہر کو قتل کرنیوالی خاتون کی سزا کم

اگر صرف پراسیکیوشن کے شواہد کی بنیاد پر فیصلہ کیا جاتے تو کیس میں ملزمان بری ہو جاتے

اسلام آباد (این پی) میکے سے بار بار پیسے منگوانے اور تشدد کرنے پر شوہر کو قتل کرنے والی خاتون کی سزا میں عدالت نے کمی کر دی۔ سپریم کورٹ نے مجرمہ اشفاق سحری کی مرحومہ کی سزا کم کرتے ہوئے اسے 14 سال قید میں تبدیل کر دیا۔ بار بار میکے سے پیسے منگوانے اور تشدد کرنے پر شوہر کو قتل کرنے سے متعلق مقدمے کی سماعت جسٹس (بقیہ نمبر 4) (3)



ڈپٹی غازی خان/ریجنل ایڈوائزر مختصب پنجاب ڈپٹی غازی خان محمد سلیم خان گٹی سرور میں عمل پھری کے دوران لوگوں کی شکایات سن رہے ہیں۔

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی 74ویں سالگرہ آج منائی جائے گی

یوسف رضا گیلانی 9 جون 1952 کو جنوبی پنجاب کے معروف سیاسی و مذہبی پیر گھرانے میں پیدا ہوئے

سید یوسف رضا گیلانی چھ مرتبہ رکن اسمبلی منتخب ہو چکے ہیں وہ سینکڑوں اسمبلی اور وفاقی وزیر ریلیے بھی رہ چکے ہیں

ملتان (این پی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی 74ویں سالگرہ (آج) 9 جون کو منائی جائے گی۔ سید یوسف رضا گیلانی 9 جون 1952 کو جنوبی پنجاب کے معروف سیاسی و مذہبی پیر گھرانے میں پیدا ہوئے۔ ملتان کا گیلانی خاندان گزشتہ کئی برسوں سے میدان سیاست میں فعال کردار ادا کر رہا ہے۔ سید یوسف رضا گیلانی چھ مرتبہ رکن اسمبلی منتخب ہو چکے ہیں وہ سینکڑوں اسمبلی اور وفاقی وزیر ریلیے بھی رہ (بقیہ نمبر 35)

کراچی میں بھتہ مافیا کے خلاف بڑا آپریشن، 6 ملزمان گرفتار، اسلحہ برآمد

رینجرز اور ایس آئی یو پولیس نے خفیہ اطلاعات پر گارڈن

کراچی (این پی) شہر قائد میں بھتہ مافیا کے خلاف وسیع آپریشن کے دوران گارڈن سے 6 ملزمان گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کر لیا گیا۔ پاکستان رینجرز (سندھ) اور ایس آئی یو پولیس نے خفیہ معلومات کی بنیاد پر مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے کراچی کے علاقوں گارڈن، پی آئی بی کالونی اور نیو کراچی میں بھتہ وصولی سے منسلک گروہ کے خلاف آپریشن کیا۔ اس دوران بھتہ مافیا سے تعلق رکھنے والے 6 ملزمان محمد خان عرف محمد جان، بلال محمد، بلال عرف (بقیہ نمبر 9) (3)

سرگودھا: ایک پھیری والا روزی کمانے کے لیے جانلیوانی بھوپ کا سامنا کرتے ہوئے کالج روڈ پر فروخت کے لیے چاولوں کی شکل کے رنگ برنگے فوکل غباروں کا ایک بڑا مجموعہ لے کر جا رہا ہے۔

ملزمہ نے وائس ریکارڈنگز کیلئے پولیس کی درخواست پر وکیل سرکار کو نوٹس جاری

اصول بگی کی وائس ریکارڈنگ کیلئے پولیس کی درخواست پر وکیل سرکار کو نوٹس جاری

کراچی (این پی) جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت نے ڈرگ ڈیلر اصول عرف بگی کے خلاف شہادت سمیت دیگر مقدمات میں ملزمہ کی وائس ریکارڈنگ کیلئے پولیس کی درخواست پر وکیل سرکار کو نوٹس جاری کر دیے۔ پولیس نے ملزمہ کی وائس ریکارڈنگ سمیت ڈیجیٹل شواہد حاصل کرنے کی اجازت دی جائے، ڈیجیٹل شواہد کی فرانزک (بقیہ نمبر 8) (3)

کوئٹہ میں ینگ ڈاکٹرز کی تیزاب گردی کے واقعہ کے خلاف ہڑتال

بلوچستان کے ہسپتالوں میں ایمرجنسی کے سوا دیگر تمام سروسز کا بائیکاٹ

کوئٹہ (این پی) کوئٹہ میں ینگ ڈاکٹرز نے تیزاب گردی کے واقعہ کے خلاف ہڑتال کر دی۔ بلوچستان کے ہسپتالوں میں ایمرجنسی کے سوا دیگر تمام سروسز کا بائیکاٹ کیا، واقعہ کے خلاف کوئٹہ میں ینگ ڈاکٹرز نے احتجاجی ریلی نکالی۔ مظاہرین نے سیکرٹری صحت بلوچستان اور ایم ایس سول ہسپتال کے خلاف نعرے لگائے، ڈاکٹرز کو تحفظ فراہم کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ سیکرٹری صحت بلوچستان، ایم ایس اور سیکیورٹی انچارج سول ہسپتال (بقیہ نمبر 9) (3)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

لاہور: نوجوان گرمی کی شدت سے بچنے اور سکون حاصل کرنے کے لیے نہر میں نہا کر خود کو ٹھنڈا کر رہے ہیں۔

سات برس کے دوران 752 ریلوے حادثات میں 100 افراد جاں بحق

حادثات کے باعث پاکستان ریلوے کو اربوں روپے کا مالی نقصان اٹھانا پڑا

لاہور (این پی) پاکستان ریلوے میں تمام حفاظتی اقدامات کے باوجود ریل گاڑیوں کے حادثات میں کمی نہ آسکی۔ مال بردار ہوں یا مسافر ٹرینیں، بھی چلتے چلتے پٹڑی سے اتر جاتی ہیں اور کبھی پہلے کی طرح پٹڑی سے اترنے کے حادثات بارش بچے ہیں جنکہ اربوں روپے کا مالی نقصان بھی برداشت (بقیہ نمبر 4) (4)

ایران پر حملہ کیا تو امریکا اس میں حصہ نہیں لیگا؛ ٹرمپ نے اسرائیلی وزیراعظم کو واضح کر دیا

واشنگٹن/تہران (این پی) اسرائیل اور ایران کے درمیان جاری کشیدگی پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو بریف کر دیا گیا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے صحافی پارک راڈو سے گفتگو میں کہا کہ ہم ایران کے ساتھ حتمی ڈیل کے بہت قریب ہیں، جو مجھے اب ہو رہا ہے میں نہیں چاہتا کہ اسے اڑا دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تہران یا ہو جوابی حملہ کرے گا تو یہ (بقیہ نمبر 3) (0)

گج ڈیم کا ابتدائی بجٹ 26 ارب تھا، کنٹریکٹر 36 ارب اضافی لے چکا

اضافی ادائیگیوں کے باوجود منصوبے کا 50 فیصد کام بھی مکمل نہیں ہو سکا

اسلام آباد (این پی) واپڈا کے وکیل نے عدالت میں دلائل دیتے ہوئے انکشاف کیا کہ گج ڈیم کا ابتدائی بجٹ 26 ارب روپے تھا، جبکہ کنٹریکٹر 36 ارب اضافی لے چکا ہے۔ وفاقی آئینی عدالت میں گج ڈیم تعمیراتی منصوبے کی سماعت جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے کی، جہاں عدالت نے کیس کی مزید سماعت 11 جون تک ملتوی کرتے ہوئے ایڈیشنل اٹارنی جنرل عامر (بقیہ نمبر 4) (3)

مصطفیٰ آباد: ڈپٹی ڈائریکٹر ایجوکیشن حسن نور کی بیٹی اور نورا سلام کی ساحیزادی کی شادی کی تقریب میں ممبران قومی و صوبائی اسمبلی سمیت اہم شخصیات شریک ہیں

وقت کی پابندی کے لیے ایئرلائنز کی عالمی درجہ بندی

ریاض (این پی) ایوی ایشن ایجنٹس کمپنی سپریم کی رپورٹ کے مطابق سعودی عرب کی قومی سعودیہ ایئرلائنز سمی میں روانگی اور آمد کے وقت کی پابندی میں تمام دنیا میں اول نمبر پر ہے۔ اس سال ایئرلائن کو یہ دوسرا بڑا آپریشنل اعزاز ملا ہے۔ یکیل ازیں سپریم کے مطابق سعودیہ ایئرلائن جنوری 2025 میں آمد کے وقت کے لحاظ سے دنیا میں دوسرے نمبر پر تھی۔ سعودیہ ایئرلائن مکمل کی اولین اور قدیم ترین ایئرلائن ہے جو 1945 (بقیہ نمبر 1) (3)

"عین: کاؤنٹی بازار" سے "مالی خواری مرکز" تک: 20 سال میں ای و کاشان مارٹر تجارتی سفر

بیجنگ (این پی) آٹھ جون 2006 کو اس وقت کے زمینی جنگ سہولیاتی کمیٹی کے سیکرٹری شی جن بھنگ نے پہلی مرتبہ جامع انداز میں "ای و د کے تجارتی تجربے" کی وضاحت کی۔ اس وقت شاید بہت کم لوگ یہ تصور کر سکتے تھے کہ یہ چھوٹا سا شہر جو بندر سمندر کے کنارے واقع ہے اور نہ ہی کسی سرحدی علاقے میں، صرف 20 برس کے اندر (بقیہ نمبر 3) (3)

سمندر محض ماحولیاتی نظام نہیں بلکہ زندگی کی بنیادی اساس ہیں

سینگرووز کی بڑے پیمانے پر شجرکاری ماحولیاتی بحالی میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے

سمندری آلودگی کے خاتمے کیلئے ویسٹ مینجمنٹ نظام کو مزید موثر بنایا جا رہا ہے

ترقی پذیر ممالک کو سماجی خطرات اور مالی وسائل جیسے چیلنجز درپیش ہیں

کراچی (این پی) وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چودھری نے سمندری وسائل اور بحری ماحول کے تحفظ کے لئے فوری عملی اقدامات پر زور دیا ہے۔ سمندروں کے عالمی دن پر اپنے خصوصی پیغام میں وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چودھری نے کہا کہ سمندر محض ماحولیاتی نظام نہیں بلکہ زندگی کی بنیادی اساس ہیں، سینگرووز کی بڑے پیمانے پر شجرکاری ماحولیاتی بحالی میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سمندری آلودگی کے خاتمے کیلئے ویسٹ مینجمنٹ نظام کو مزید موثر بنایا جا رہا ہے، سمندری آلودگی اور موسمیاتی (بقیہ نمبر 2) (4)

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام لوگوں کو بھکاری نہیں بنا رہا

رانا ثنا اللہ کے بیان پر سینیٹر روبینہ خالد کا جواب، تنقید کرنے والوں سے معافی مانگنے کا مطالبہ کر دیا

اسلام آباد (این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینیٹر اور بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی چیئرپرسن روبینہ خالد نے مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما رانا ثنا اللہ کے حالیہ تنقیدی بیان پر سخت ردعمل کا اظہار کیا ہے، انہوں نے غریبوں کی کفالت کرنے والے اس قومی پروگرام پر تنقید کرنے والوں کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے اسے مستحقین کی توہین قرار دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی کی سینیٹر روبینہ خالد نے پن لیگ کے رہنما رانا ثنا اللہ (بقیہ نمبر 4) (1)

اسلام آباد: علاقے کو پانی پلیٹ میں لینے والی شدید گرمی کی لہر کے باعث شہری قدرتی آبی ذخائر کا رخ کرنے پر مجبور ہیں، جہاں بچوں اور نوجوانوں سمیت لوگوں کی ایک بڑی تعداد کو ٹرک نالے میں تیرکر اور کھیل کود کر گرمی کی شدت کو کم کر رہی ہے۔

پنجاب میں پہلی بار ای بائیکس ریپڈ سروس شروع کرنے کا فیصلہ

منصوبے کے پہلے مرحلے میں 10 ہزار ای بائیکس شامل کی جائیں گی

لاہور (این پی) پنجاب حکومت نے ماحول دوست اور جدید سفری سہولتوں کے فروغ کے لیے پہلی بار ای بائیکس ریپڈ سروس متعارف کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ منصوبے کے پہلے مرحلے میں 10 ہزار ای بائیکس شامل کی جائیں گی جبکہ شہر بھر میں 300 ڈاکنگ اور چارجنگ اسٹیشنز بھی قائم کیے جائیں گے۔ پنجاب ہاؤسنگ اتھارٹی ڈاکنگ اور چارجنگ اسٹیشنز کے لیے چیلنجز فراہم کرے گی، شہری ایم پی ایس اور کمرشل علاقوں سے قریبی پبلک ٹرانسپورٹ پوائنٹس تک آسان رسائی حاصل کر سکیں گے۔ حکام کے مطابق اس منصوبے سے لاہور میں سالانہ ہزاروں ٹن کاربن اخراج میں کمی متوقع ہے (بقیہ نمبر 4) (0)

گلگت بلتستان میں تیروں کی بارش ہو رہی ہے، بلاول بھٹو

اسلام آباد (این پی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ گلگت بلتستان میں تیروں کی بارش ہو رہی ہے۔ سوشل میڈیا پر ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی سب سے بڑی جماعت بن کر ابھر رہی ہے، ہم حکومت بنانے کی کوشش (بقیہ نمبر 7) (3)

چینی صدر شی کو پاکستان کے سرکاری دورے پر روانہ

بیجنگ (این پی) کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کی مرکزی کمیٹی کے جنرل سیکرٹری اور چین کے صدر شی جن پھنگ خصوصی طیارے کے ذریعے بیجنگ سے شمالی کوریا کے سرکاری دورے پر روانہ ہوگئے۔ یہ دورہ مرکزی پارٹی آف کوریا کے جنرل سیکرٹری اور ریاستی امور کمیشن کے چیئرمین کم جونگ اُن کی دعوت پر کیا جا رہا ہے۔ صدر شی جن پھنگ کے ہمراہ ان کی اہلیہ پھنگ لی یوان، کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کے سیاسی بیورو کی قائمہ کمیٹی (بقیہ نمبر 6)

فیصل آباد ماحاٹے کے تاجر پر شہری کو گولیاں مار کر زخمی کرنے والا اہم سرکاری ملزم عامر گرفتار

فیصل آباد (این پی) فیصل آباد ماحاٹے کے تاجر پر شہری کو گولیاں مار کر زخمی کرنے والا اہم سرکاری ملزم عامر گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی 230 گ ب میں مختیوں میں کام کے دوران شہری پر مسلح ملزمان کا حملہ انہماد حصہ فائرنگ ہوگئے جاوید کو زخمی کیا گیا متاثرہ پولیس نے جدید تفتیشی تکنیک محلی اور مسلسل چھاپوں کے ذریعے مرکزی ملزم کا سراغ لگا لیا ہے اگج او متاثرہ (بقیہ نمبر 7)

سندھ پولیس نے سیف سٹی کے تحت کراچی میں 40 ہزار گاڑیوں کو بلیک لسٹ کر دیا

ایسی گاڑیاں جن کے مالکان کے کوائف مکمل نہیں ہیں وہ بھی بلیک لسٹ ہوں گی

کراچی (این پی) سندھ پولیس نے سیف سٹی کے تحت کراچی میں 40 ہزار گاڑیوں کو بلیک لسٹ کر دیا، ایسی گاڑیاں جو خریدنے کے باوجود تاحال نئے مالک کے نام منتقل نہیں کی گئیں۔ پولیس حکام نے کہا کہ ایسی گاڑیوں کے خلاف مہم جاری ہے کارروائی شروع کی جائے گی، ایسی گاڑیاں جن کے مالکان کے نام تبدیل نہیں کی گئیں۔ پولیس حکام نے کہا کہ ایسی گاڑیاں جن (بقیہ نمبر 8)

پاک فوج کے جوان سوار محمد حسین شہید کا 77 واں یوم پیدائش 18 جون کو منایا جائے گا

مختلف شہروں میں منعقدہ تقریبات میں سوار محمد حسین شہید کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا

اسلام آباد (این پی) نشان حیدر اعزاز حاصل کرنے والے پاک فوج کے جوان سوار محمد حسین شہید کا 77 واں یوم پیدائش 18 جون کو منایا جائے گا اس سلسلے میں مختلف شہروں میں منعقدہ تقریبات میں سوار محمد حسین شہید کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ سوار محمد حسین شہید 17 جون 1949 کو موضع پیر بخش ضلع راولپنڈی (بقیہ نمبر 9)

بھٹے کی غریب مزدور خاتون کا کلینک ریپ ویڈیو بنا کر بلیک میلنگ ملزمان کیخلاف مقدمہ درج

ملزمان نے ظلم کی حد پار کرتے ہوئے اس پورے واقعے کی موبائل فون سے ویڈیو بنائی، زیادتی کے بعد خاتون کو دھمکی دی گئی کہ اگر اس نے زبان کھولی تو وائرل کر کے اسے کہیں کا نہیں چھوڑا جائے گا

لاہور (این پی) لاہور کے علاقے کھرپ ورمیں بھٹے کی غریب مزدور خاتون کا کلینک ریپ کرنے اور ویڈیو بنا کر بلیک میلنگ میں ملوث ملزمان کیخلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ اطلاعات کے مطابق لاہور کا علاقہ کھرپ ورمیں میں ایک بار پھر حوانیت اور درندگی کا ایک واقعہ سامنے آیا ہے، سیالکوٹ موڑ سے پر بچوں کے سامنے ہونے والے ریپ کیس کے بعد اب اسی علاقے میں اینٹوں کے بھٹے پر مزدوری کرنے والی ایک مجبور اور بے بس خاتون کو تین اوباش نوجوانوں نے زبردستی کھیتوں میں لے جا کر اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنا لا۔ درندوں نے نہ صرف اس خاتون کی عزت پامال کی بلکہ اس بھی پرتی کی ویڈیو بنا کر اسے بلیک میل بھی کرتے رہے (بقیہ نمبر 50)

اسلام آباد: جل تھیمی (دارالہ ستھیہ) کی موٹی تہہ نے کورنگ نالے کی سطح مکمل طور پر ڈھانپ رکھا ہے، جبکہ پس منظر میں راول ڈیم کا سیلاب دکھائی دے رہا ہے۔ یہ بوٹی پانی کے بہاؤ کو روک رہی ہے اور شہر کے لیے ایک سنگین ماحولیاتی اور ڈیزاسٹر آپ کا خطرہ بن چکی ہے کیونکہ حکام نے ابھی تک اس نقصان دہ آبی جڑی بوٹی کو صاف کرنے کے لیے مؤثر اقدامات نہیں کیے ہیں۔

فوری ضرورت

ABC عوام کی سچی صحافت کیلئے

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی لالکار

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

پنجاب میں مریم نواز کمیونٹی ہیلتھ سروسز کے تحت

مریم نواز کمیونٹی ہیلتھ انسپکٹر

پنجاب بھر کے تمام اضلاع میں مخصوص نشستیں

50,000/- ماہانہ تنخواہ

اگر آپ کے پاس درج ذیل میں سے کوئی بھی ڈپلومہ یا مساوی قابلیت ہے، تو آپ اس پوزیشن کے لیے موزوں ہیں:

پاکستان نرسنگ اینڈ مڈوائفری کونسل سے رجسٹرڈ شدہ

چارج نرس

لیڈی ہیلتھ وزٹر

مڈوائف / کمیونٹی مڈوائف

FWW

گھر کے قریب ترین علاقہ / یونین کونسل میں کام کرنے کا موقع

عمر کی حد: زیادہ سے زیادہ 43 سال

''درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 16 جون 2026''

آسامیوں کی معلومات، ہدایات اور اپلائی کرنے کیلئے chi.pshealthpunjab.gov.pk دیے گئے لنک پر کلک کریں یا بار کوڈ سکین کریں

مزید معلومات کیلئے 1033 پر کال کریں

پنجاب فیملی پلاننگ پروگرام۔ پروجیکٹ امپلیمنٹیشن یونٹ۔ مریم نواز ہیلتھ کلینک

محکمہ صحت و آبادی حکومت پنجاب

SPL-605